20/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی مینملک کے مختلف شعبوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی کئی انقلابی تبدیلیاں رونما ہو ئی ہیں ۔

سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے تیز  " Edge 2025 کانپور میں منعقدہ " وِکست بھارت سمواد رفتار اصلاحات کرنے اور معیشت کے ہر شعبے کو عالمی سطح پر مسابقتی بنانے کے لئے باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے پر زور دیا ہے۔

عالمی تجارتی غیر یقینی صورتحال اور جغرافیائی سیاسی صورتحال کو دیکھتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے Business Leaders  سے کہا کہ وہ عالمی منڈی سے منسلک دیہی کاروباری اداروں کی تشکیل پر توجہ مرکوز کریں۔

صدر جمہوریہ

کی وزارت کی طرف سے منعقدہ راشٹرپتی بھون میں MSMEs  صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج ادیّم اتسو میں شرکت کر رہی ہیں۔ یہ پروگرام اِس مہینے کی 30 تاریخ کو اختتام پذیر ہوگا۔ اس کا کو با اختیار  MSMEs مقصد ملک کے درخشاں اور مالا مال ورثے کو شہریوں کے قریب لاکر بنانا اور
ا

---

س کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔±

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کام کاج کا جائیزہ لینے کیلئے انسٹی ٹیوٹ آف میوزک اینڈ فائن آرٹس جموں یونیورسٹی تالاب تلو کا دورہ کیا ۔ ان کے ہمراہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری تعلیم شانت منو بھی تھے ۔

چیف سیکرٹری نے افسران کے ساتھ ایک میٹنگ میں انسٹی ٹیوٹ کو اس کے زیادہ سے زیادہ کام کیلئے اضافی زمین اور وسائل فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

زعفران

محکمہ زراعت کے جوائنٹ ڈائریکٹر سرتاج احمد شاہ نے پانپور کے زعفران علاقوں کا دورہ کیا ۔ انہوں نے زعفران کی کاشت کو فروغ دینے کی غرض سے Indian International Kashmir saffron training centre دُسو پانپور میں سبھی متعلقین کے ساتھ ایک میٹنگ کی ۔

جوائنٹ ڈائریکٹر نے کاشتکاروں کو ہر طرح کی سہولت فراہم کرنے کے محکمہ کے عزم کا اعادہ کیا ۔ انہوں نے فصلوں کے جاری سیزن کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔

جھیل

Khushalsar اور گلسر سمیت نگین لیک کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ اتھارٹی کے وائس چیئرمین نے لیک کا دورہ کیا۔ وائس چیئرمین نے کئی علاقوں کی نشاندہی کی جہاں فوری توجہ اور تحفظ دینے کی کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے جھیلوں کے تحفظ میں اتھارٹی کے اہم کردار پر زور دیا۔

مشن یووا

سمال بزنس ڈیولپمنٹ یونٹس اور بزنس ہیلپ ڈیسک کے ممبروں کے لئے مشن یووا کے تحت محکمہ لیبر اینڈ ایمپلائمنٹ کے زیر اہتمام گورنمنٹ پالی ٹیکنک کالج فار ویمن بمنہ سرینگر میں تین روزہ تکنیکی تربیتی پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

پروگرام کے دوران ماہر مقررین نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور انٹرپرینیورشپ ڈیولپمنٹ کے ذریعے معاشی تبدیلی کو فروغ دینے میں مشن یووا کی اہمیت پر زور دیا۔

امرت کولگام

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ضلع میں پانی کی فراہمی کے لئے امرُت 2.0 کے منصوبوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ٹینڈرنگ کے عمل کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں تاکہ التواءمیں پڑے منصوبوں پر کام کسی تاخیر کے بغیر شروع ہوسکے۔

کانفرنس

خواتین کے خلاف " Voice for Change " گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن ایم اے روڈ سرینگر میں جرائم سے نمٹنے اور اس کی روک تھام کے موضوع پر کل سے شروع ہوئی دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس جاری ہے۔

ماہر مقررین نے صنف پر مبنی جرائم کے بارے میں ادارہ جاتی ردعمل کو مستحکم کرنے پر زور دیا ۔ انہوں نے خواتین کے حقوق کے تحفظ اور انصاف کو یقینی بنانے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے رول کو بھی اجا گر کیا ۔

سمینار

شوپیان کی سربراہی میں گورنمنٹ گرلز ہائر CMO اتھارٹی شوپیان نے Appropriateڈسٹرکٹ سیکنڈری زینہ پورہ میں ' ' بیٹی بچاو بیٹی پڑھاو " کے موضوع پر ایک روزہ ورکشاپ منعقد کیا۔

سمینار میں مقررین نے لڑکیوں کے خلاف امتیازی سلوک کو ختم کرنے کی ضرورت کے حوالے سے بیداری پیدا کرنے کی اہمیت کو اجا گر کیا ۔

بڈگام

ضلعی انتظامیہ بڈگام نے ضلع کے دیہی علاقوں میں فضلہ کو صاف کرنے اور خصوصی صفائی مہمات منعقد کرنے میں تیزی لائی ہے۔ اس سلسلے میں مختلف علاقوں میں بلاک ڈیولپمنٹ آفسران کی قیادت میں صفائی مہمات چلائی گئی ۔

کھیلو انڈیا

کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 کا دوسرا ایڈیشن آج نئی دلی میں شروع ہو رہا ہے ۔ ان کھیلوں میں جسمانی طور خاص 1 ہزار تین سو سے زیادہ ایتھلیٹ چھ کھیل مقابلوں میں حصہ لے رہے ہیں تاکہ ملک بھر میں شمولیاتی کھیلوں کو فروغ مل سکے ۔

ڈے Sparrow

آج ورلڈ Sparrow ڈے ہے - یہ دن ہر سال ان ننھی چہچہاتی مخلوقات کے بارے میں بیداری پیداکرنے اور ان کے تحفظ کے لئے 20 مارچ کو منایا جاتا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے نومبر 2024 کے اپنے من کی بات کے شمارے میں ان منفرد کوششوں کو اجا گر کیا تھا جو ملک بھر میں چڑیوں کے تحفظ کے لئے کی جاتی ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا -

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ